© rasailojaraid.com


# دعوت و ذکر بہ طریقِ جدید

ٹکنالوجی کے اس دور میں، مشغولیات کی ہاہا کار میں، باقاعدہ ملاقات کی عدم دستیابی میں، اس وقت ایک نیا طریقۂ کار پھیلتا جا رہا ہے۔ ہر روز اربوں کی تعداد میں مختصر پیغامات ٹیلی فون اور کمپیوٹر کے ذریعے ایک فرد سے دوسرے فرد یا افراد کو منتقل ہوتے ہیں ___ پیغام رسانی ہوا کی طرح رچ بس گئی ہے۔ نامکمل جملوں، غیر مانوس اشاروں، ادھورے الفاظ پر مشتمل یہ پیغامات دعوت و ذکر کا ذریعہ بھی بن سکتے ہیں۔

اسلام اندازِ بیان میں ویسے ہی اختصار و جامعیت کی تعلیم دیتا ہے۔ قرآن و سنت کا انداز بھی یہی ہے۔ کلمہ طیبہ، السلام علیکم، بسم اللہ، الحمدللہ ___ مختصر الفاظ سمندر سے زیادہ گیرائی اور وسعت رکھتے ہیں۔ چھوٹی چھوٹی باتیں، چاہے آمنے سامنے کہی جائیں یا لہروں پر منتقل کی جائیں ___ ان کو مؤثر پیرایے میں مطلوبہ نتیجے تک پہنچنے کا باعث ہونا چاہیے۔ یہ باتیں یاد رہتی ہیں اور کتابوں سے زیادہ کارگر ثابت ہوتی ہیں۔ الفاظ پیغام کا روپ ہوتے ہیں، ان کا چناؤ سوچ سمجھ کر کریں۔

- امید اور حوصلہ مندی زندگی کی متاع ہے، اس کو فراہم کریں
- توجہ دلانے سے کام آگے بڑھتا ہے، بہتر ہوتا ہے۔ معمولی توجہ بڑے نتائج دکھا سکتی ہے
- نصیحت اور خیرخواہی کی کوئی انتہا نہیں، یہ بجائے خود رابطے کا بہانا بن سکتی ہے
- اطلاع، معلومات، خبر پہنچانا ایک ضروری عمل ہے۔
- دعا لینا اور دعا دینا، دونوں ہی کا فائدہ ہے۔

آج کے معاشرے میں ہر فرد ایک ناشر اور مبلغ بن سکتا ہے۔ انگلیوں کی معمولی حرکات، حیرت انگیز نتائج دکھا سکتی ہیں ___ ٹکنالوجی کی اس طاقت کا مثبت استعمال کیجیے۔ روشنی پھیلایئے اور تاریکی سمیٹنے کا ذریعہ بن جایئے۔

سنابل العلم

rasailojaraid.com